Date:
Day:

اسلام میں خواتین کا
مقام و مرتبہ (حقوق)

① اسلام سے پہلے قبل عورت کا معاشرتی مقام:

اسلام کی آمد سے قبل عورت معاشرتی و سماجی عزت و احترام سے محروم تھی۔ سر زمین عرب میں تو عورت کی کوئی حیثیت ہی نہ تھی۔ زمانہ جاہلیت میں کسی کے گھر میں لڑکی پیدا ہوتی تو اسے زندہ درگور کر دیا جاتا تھا۔ اسلام وہ واحد نظام ہے جس نے عورت کو ذاتی تشخص فراہم کیا۔ اسے وراثت میں حصہ دار بنایا اور اسکے حقوق کو سرعام تسلیم کیا۔

② مغربی معاشرہ اور عورت: مغربی معاشرہ میں عورت کی حالت کے مشاہدہ سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ زیادہ تر عورتیں بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔ خاندان جو کسی بھی معاشرہ میں انسان کے تحفظ و نشوونما کی اکائی کی حیثیت رکھتا ہے عورت کے تقدس کے عدم احترام

کے باعث مغربی معاشرے میں شکست وریخت کا شکار ہے۔ جس کا لازمی شکار عورت ہی بنتی ہیں۔

امریکہ کے 1993 کے اعداد و شمار کے مطابق:

* 2.3 ملین شادیوں میں 1.3 ملین طلاق پر منتج ہوئیں

Bureau of Census محکمہ مردم شماری نے پیش گوئی کی ہے 10 میں سے 6 شادیوں کا انجام طلاق ہوگا۔

ملک میں ہونے والی 60% طلاقیں 25-39 سال کی عمر کے جوڑوں میں ہوتی ہیں۔

امریکہ میں سالانہ ان طلاقوں سے 1 ملین بچے متاثر ہوتے۔

* اسلام میں عورتوں کا مقام :-

اسلام کی آمد عورت کے لیے نئی زندگی

ذلت و ظلم و استحصال کے بندھنوں ~~سے~~ سے آزادی کا پیغام تھی۔

اسلام نے عورتوں کو وہ تمام حقوق دی جسکے کو مرد کے ساتھ وہ مستحق تھے۔
اللہ تعالیٰ نے تخلیق کے درجے میں عورت کو ~~تکریم و منزلت کا جائزہ نہیں کرتا~~ ایک ہی مرتبہ میں رکھا ہے۔

"یاایھا الناس اتقو ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ و خلق منھا زوجھا وبث منھما رجالاً کثیرا

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، جس نے تمہیں ایک روح/جان سے پیدا کیا

عورت کے انفرادی حقوق:-

1. تعلیم و تربیت کا حق:-

اسلام کی تعلیمات کا آغاز اقرا سے کیا گیا اور تعلیم کو شرف انسانیت اور شناخت پروردگار کی اساس قرار دیا گیا۔

Date:
Day: M T W T F S S

اقرا باسم ربك الذي خلق

(اے حبیب!) اپنے رب کے نام سے پڑھیے جس نے ہر چیز کو پیدا کیا۔

حضورؐ کا ارشاد ہے "اگر کسی شخص کے پاس لونڈی ہو پھر وہ اسے تعلیم دے اور یہ اچھی تعلیم ہو اور اس کو آداب مجلس سکھائے اور یہ اچھے آداب ہوں۔ پھر آزاد کر کے اس سے نکاح کرے تو اس شخص کیلئے دوہرا اجر ہے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام نہ صرف آزاد مرد و عورت کے حقوق اور حصول تعلیم پر زور دیتا ہے بلکہ باندیوں تک زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کو کارِ ثواب قرار دیتا ہے۔

P.T.O

ملکیت اور جائیداد کا حق * 2

اسلام نے مردوں کی طرح عورتوں کو بھی ملکیت عطا کیا۔ وہ نہ صرف خود کما سکتی ہے بلکہ وراثت کے تحت حاصل ہونے والی جائیداد کی مالک بھی ہو سکتی ہے۔

"مردوں کیلئے اس میں حصہ ہے جو انہوں نے کمایا، اور عورتوں کیلئے اس میں حصہ ہے جو انہوں نے کمایا۔"

عورت کے ازدواجی حقوق *

شادی کا حق

اسلام سے پہلے عورتوں کو مردوں کی ملکیت تصور کیا جاتا تھا ~~انہیں~~ اور انہیں ~~نکاح~~ نکاح کا حق حاصل نہیں تھا۔ اسلام نے عورت کو نکاح کا حق

مہر کا حق اسلام نے عورت کو ملکیت کا حق دیا جس میں جہیز اور مہر بھی شامل ہے۔ قرآن حکیم نے مردوں کو نہ صرف عورتوں کی ضروریات کا کفیل بنایا بلکہ انہیں تلقین کی کہ اگر وہ مہر کی شکل میں مال بھی دے چکے ہوں تو واپس نہ لیں، کیونکہ وہ عورت کی ملکیت بن چکا ہے۔

والقوا النساء صدقتهن نحلة

اور عورتوں کو ان کے مہر خوش دلی سے ادا کرو۔

اعتماد کا حق عورت کا مرد پر یہ بھی حق ہے کہ وہ عورت پر اعتماد کرے، اور گھر کے معاملات میں اس سے مشورہ کرتا رہے۔ قرآن کریم نے عورت اور مرد کے تعلقات کو ایک نہایت لطیف مثال کے ~~[illegible]~~ ذریعے بیان کیا ہے۔

هن لباس لكم وانتم لباس لهن

عورتیں تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ~~ان~~ ان کیلئے لباس

Date:
Day:

حسن سلوک کا حق: "عَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ"

"عورتوں کے ساتھ معاشرت میں نیکی اور انصاف ملحوظ رکھو۔"

طلاق کے بعد حقوق

مہر کا حق

قرآن

~~مفہوم ہے~~ ترجمہ "اگر تم انہیں چھونے سے قبل طلاق دو اور ان کیلئے مہر مقرر کیا ہو تو مقرر کئے ہوئے مہر کا آدھا انہیں دو۔"

شریعت میں سب سے ~~بڑا~~ اہم حق جو طلاق کے وقت دیا جاتا ہے ~~وہ~~ وہ مہر کا حق ہے

میراث کا حق

طلاق کے بعد (جب تک عدت میں ہے) اگر اس کے شوہر کا انتقال ہو جائے تو اس کے ترکہ سے میراث ملے گی۔

قانونی شخصیت ہونے کا حق:

مغرب میں خواتین کے قانونی شخص
کو تسلیم نہیں کیا گیا تھا لہذا مردوں
کے برابر قانونی حقوق کے حصول کیلئے
عورتوں کو سالہا سال تک قانونی تشخص
کے حصول کی جنگ لڑنا پڑی۔
اسلام نے عورت کو قانونی شخص
ہونے کا مقام احکام کے اجراء کے ساتھ
ہی عطا کر دیا۔

سفارتی مناصب پر فائز ہونے کا حق:

ریاستی معاملات میں عورت کے
کردار پر اسلام کے اعتماد کا نتیجہ تھا
کہ حضرت عثمانؓ نے اپنے دور خلافت
میں (۲۸ھ) حضرت ام کلثوم بنت علیؓ
کو ملکہ روم کے دربار میں سفارتی مشن
پر بھیجا۔

خلاصہ بحث:

اسلام ایک مکمل
دین ہے جو زندگی تمام پہلو، حقوق
اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق العباد
پر زور دیتا ہے۔ اسلام وہ واحد

Date:
Day: M T W T F S

دین ہے جس نے تمام انسانوں کو حقوق فراہم کیے ہے (اقلیت یا عورتیں) اسلام نے عورتوں کو ذاتی شخصیت فراہم کی، ملکیت، حصول تعلیم، مہر، وراثت اور ریاستی حقوق بھی دی ہے۔